دوسرا سمسٹر II Semester | D.El.Ed Regular (ریگولر) ڈی۔ایل۔ایڈ | 2019 مئی

## پرچہ : وقوف اور اکتساب

## Paper - DLED211CCT : Cognition and Learning

جملہ نشانات : 35 Maximum. Marks | Time : وقت : 2 Hrs گھنٹے

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 05 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 01 نمبر مختص ہے۔ **(5 x 1 = 5 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 04 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 4 = 20 Marks)**
3. حصہ سوم میں 02 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 01 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(1 x 10 = 10 Marks)**

---

## حصہ اول

**سوال : 1**

(i) اگر 2x2 کو 2+2 بھی کہا جاتا ہے، 1-5 کو 4x1 کے ذریعے بھی ظاہر کیا جاسکتا ہے؟ اس میں.................سوچ شامل ہے۔

(A) موافق سوچ وفقر  (B) اختلافی سوچ وفقر

(C) امدادی سوچ وفقر  (D) متعینہ سوچ وفقر

(ii) تصوراتی خاکہ (Concept Mapping) کو پیش کرنے والا

(A) Kolb  (B) Tony Buzan

(C) Joseph Novak  (D) Ausubel

(iii) بچوں کو جماعت میں ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہنے کا درس دینے سے ان میں ایک دوسرے کو مدد کرنے کی صفت فروغ پاتا ہے اس میں مربوط عمل یہ ہے۔

(A) مشروطیت  (B) سعی وخطا کے ذریعے اکتساب

(C) اکتساب بذریعہ مشاہدہ  (D) رٹنے رٹانے کے ذریعہ اکتساب

(iv) ایک طالب علم کمرۂ جماعت میں اپنی کارکردگی کی وجہ سے ہفتہ میں ایک مرتبہ دو چاکلیٹ حاصل کرتا ہے۔ اس قسم کا کمک کہلاتا ہے

(A) مقررہ وقفہ کا کمک (Fixed Interval Ratio)  (B) مقررہ تناسب کا کمک (Fixed Ratio)

(C) متغیر مناسب کا کمک (Variable Ratio)  (D) مسلسل کمک (Continuous Ratio)

P.T.O.

(v) مشاہدہ کے ذریعہ اکتساب میں اکتساب کی صحیح ترتیب

(A) کمک، توجہ، حفظ، کارکردگی (B) توجہ، حفظ، کارکردگی، کمک

(C) کارکردگی، کمک، توجہ، حفظ (D) حفظ، کمک، توجہ، کارکردگی

## حصہ دوم

-2 ادراکی تنظیم کے اصول (Principles of Perceptual Organisation) کو بیان کیجیے۔

-3 استدلال (Reasoning) سے کیا مراد ہے؟ مفروضاتی اور مشاہداتی استدلال (Inductive & Deductive) کے درمیان کیا فرق ہے واضح کیجیے۔

-4 اکتساب (Learning) سے کیا مراد ہے؟ اکتساب پر اثر انداز ہونے والے عوامل کو مختصراً پیش کیجیے۔

-5 مشروطیت کی نظریات (Conditioning Theories) اور بصیرتی اکتساب (Insightful Learning) کے درمیان پائے جانے والے تفرقات پیش کیجیے۔

-6 تھارن ڈائیک کے بنیادی (Primary and Secondary Laws) اور ثانوی اکتسابی قوانین کو بیان کیجیے۔

-7 مشمولی تعلیم (Inclusive Education) کیا ہے؟ اس کی اہمیت کو بیان کیجیے۔

-8 اکتسابی منتقلی (Transfer of Learning) سے کیا مراد ہے؟ اس کے اقسام بیان کیجیے۔

-9 مابعد وقوف (Meta Cognition) سے کیا مراد ہے؟ تعلیم میں اس کی اہمیت بیان کیجیے۔

## حصہ سوم

.10 تصور تشکیل کے اقدامات (Steps in Concept Formation) کو بیان کرتے ہوئے بچوں کے اندر تشکیل تصور پیدا کرنے میں معلم کا کردار بیان کیجیے۔

.11 ویگوٹسکی (Vygotsky) کی اکتسابی نظریہ کا اہم تصور (Key Concepts) کو سمجھاتے ہوئے درس و تدریس میں ان کی اہمیت کو واضح کیجیے۔

☆☆☆